سوال

گھر کے لئے بینک سے قرض لینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

میں دس ہزار روپے ماہانہ کرایہ کے گھر میں رہتا ہوں۔ بینک مجھے بیس لاکھ قرض دے رہا ہے ۸.۲۵% پے ۱۰ سال کیلیئے۔ مجھے ۱۰ سال تک ۲۰۰۰۰ ہزار روپیہ ماہانہ بینک کو ادا کرنا ہوگا۔

اہم بات یہ ہے کہ میں ہر مہینہ ۱۰۰۰۰ کرایہ ادا کرتا ہوں۔ بینک بول رہا ہے کی آپ کا ہر مہینہ کا کرایہ ۱۰۰۰۰ اور ۱۰۰۰۰ آپ کی تنخواہ سے ملا کے ۲۰۰۰۰ ہو جائے گا اور آپ آسانی سے یہ قسط ادا کر سکتے ہیں اور دس سال کے بعد یہ پراپرٹی آپ کے نام ہو جائے گی۔ تو کیا ایسی صورت میں میرے لئے بینک کا وہ قرض جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلی بات تو یہ ہے کہ اوپر آپ نے خود ہی لکھا ہے کہ بینک آپ کو ۸.۲۵% سود پے قرض دے رہا ہے۔ جب اس قرض میں سود پہلے سے ہی شامل ہے تو پھر اسے کیسے جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔

دوسری بات یہ ذہن نشین کر لیں کہ اس وقت پاکستان میں کوئی بھی بینک ایسا نہیں ہے جو سودی کاروبار نہ کرتا ہو۔ اس لئے بینکوں سے قرضہ لینے سے بچنا چاہیئے۔ حتی کہ وہ بینک جو اپنے آپ کو اسلامی قرار دیتے ہیں، وہ اسلامی نہیں ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی